مولوی محمد انیس الرحمن صاحب قاسمی نوجوان و صاحب ذوق عالم ہیں انہوں نے ایک بہت دلچسپ و اہم موضوع (یعنی قیدخانوں کے مسلمان مصنفین) پر تحقیقی کام شروع کیا ہے۔ ان کا مقصد یہ ہے کہ پچھلے سو سال کے ایسے مشاہیر جنھوں نے قید و بند کی زندگی میں رہتے ہوئے اسلامی لٹریچر میں بیش بہا اضافے کئے ہیں۔ ان سب کا تذکرہ و تعارف ایک جگہ مرتب ہو جائے، اس میں شک نہیں کہ ان کا یہ کام مکمل ہو گیا تو شائقین علم کے لئے ایک بے حد مفید کتاب تیار ہو سکے گی۔ زیر نظر کتاب "مصنفین زنداں" کو مولوی انیس صاحب کے اسی تحقیقی کام کی تمہید ہی سمجھنا چاہئے، اس میں پانچویں صدی ہجری سے لے کر چودھویں صدی ہجری تک کے بارہ مشاہیر کا تذکرہ شامل ہے، جیسے امام ابن تیمیہؒ، مولوی فضل حق خیرآبادیؒ۔ حضرت مجدد الف ثانی رح۔ حضرت شیخ الہند مولوی محمود حسن صاحب رح وغیرہ کتاب دلچسپ اور معلومات افزا ہے، امید ہے ارباب ذوق اس طرف متوجہ ہوں گے۔

اچھا ہوتا کہ صاحب کتاب ہر شخصیت کے ذکر کے اختتام پر ان کی ایسی کتابوں کی فہرست مرتب کر دیتے جو انھوں نے دوران زندان تصنیف کیں، آئندہ ایڈیشن میں زبان و انداز بیان کو بھی سادہ و عام فہم بنا دیا جائے تو بہتر ہوگا۔

(م ۔ ع)

مجلہ صفیر ویلور:- مدیر جناب راہی فدائی سائز $\frac{20\times30}{8}$ قیمت درج نہیں

ناشر:- انجمن ترقی اردو، باقیات صالحات۔ ویلور

یہ مجلہ دراصل ویلور کے مشہور اسلامی مدرسہ باقیات صالحات کا آفیشل آرگن ہے، زیر نظر شمارہ اسی مجلہ کا سوال سالنامہ ہے، جسے صفحات پر